جناب خواجہ عبدالمنان رازؔ

تعارف و تبصرہ کتب

ماہنامہ "بتول" لاہور (حمیدہ بیگم نمبر)
مجلس ادارت: نیر بانو، سلمیٰ یٰسمین نجمی، ساحرہ ایم۔ اے
ضخامت: ۲۰۰ صفحات، قیمت تین روپے
ملنے کا پتہ: ادارۂ بتول، غزالی پارک، وحدت کالونی۔ لاہور

ماہنامہ "بتول" خواتین کا ایک اصلاحی اور پاکیزہ رسالہ ہے۔ ایک ایسا پرچہ جو موجودہ صحافت میں اپنے انداز اور فکر کے لحاظ سے اجنبی اجنبی سا لگتا ہے۔ جس طرح آج شرافت سسک سسک کر زندگی بسر کر رہی ہے، اسی طرح یہ رسالہ بھی نامساعد حالات میں اپنا فرض ادا کرنے کی جد و جہد پوری کر رہا ہے۔ زیر تبصرہ شمارہ "حمیدہ بیگم نمبر" ہے۔ حمیدہ بیگم صاحبہ اس پرچے کی بانی اور مدیرہ تھیں جو پچھلے سال وفات پا گئی تھیں۔ یہ نمبر انہی کی یاد میں مرتب کیا گیا ہے۔ دو سو صفحات پر پھیلے ہوئے حمیدہ بیگم صاحبہ کی زندگی کے حالات اور واقعات پڑھ کر ان کی عظمت کا ایسا نقش نمایاں ہوتا ہے کہ موجودہ دور میں باید و شاید! ــــــــ آزادیٔ نسواں کا نعرہ لگانے والوں کو اس باپردہ نیک خاتون کی زندگی بطور مثال پیش کی جا سکتی ہے کہ اگر اصلاحی اور فلاحی کام کرنا مقصود ہو تو پھر پردہ اس کی راہ میں حائل نہیں ہوتا۔

حمیدہ بیگم مرحومہ کے بارے میں لکھنے والوں میں محض خواتین ہی نہیں بلکہ بیشتر مرد حضرات بھی ہیں۔ جن میں ان کے عزیز و اقارب اور ان کی تحریروں سے متاثر ہونے والے لوگ